پروفیسر خالد شبیر احمد

نعت رسول مقبول ﷺ

جرأت کی داستاں ہیں تو غیرت کی کہکشاں
جن کے حضور سرنگوں ہیں ہفت آسماں

بدر و حنین آپ کی عظمت کے رازداں
غزوات کہہ رہے ہیں حمیّت کی داستاں

وہ رفعتوں کی آن ہیں وہ شوکتوں کی جان
اُن کے شعور وشوق کا اپنا ہے اک جہاں

اک استعارہ شوق کا عزم اُن کا بے مثال
ہمت کے باب میں ہے کوئی آپ سا کہاں؟

ثابت قدم رہے ہیں وہ راہِ ثبات پر
ہر اک قدم پہ گرچہ تھا درپیش امتحاں

اُن کے نقوشِ پا ہیں میری سجدہ گاہِ شوق
عرش بریں سے بھی فزوں ہے جن کا آستاں

جبلِ شکوہ ارادے اُن کے فیصلے اٹل
ہر بات اُن کی مستند، قرآں کی وہ زباں

حکم جہاد اُن کا میرے دیں کی آبرو
رازِ حیات بالیقیں جہاد میں نہاں

اُن جیسا کوئی پہلے تھا نہ بعد میں کوئی
وہم وگماں میں بھی بھلا اُن جیسا ہے کہاں؟

سرپر اُنہی کے تاجِ نبوت رہے گا اب
خاتم نبوتوں کی جو ہے ذات بے گماں

قند و نبات سے بھی میٹھا اُن کا حرف حرف
ہر بات میں ہے چاشنی، شیریں ہے ہر بیاں

وہ کائناتِ شوق ہیں، وہ شوقِ کائنات
قائم اُنہی کے دم سے ہیں خالدؔ یہ دو جہاں

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس، تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501